# قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے نویں راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

- سنٹرل پنجاب کی اسپن جوڑی کی عمدہ کارکردگی جاری
- بلوچستان کے عمران بٹ نے ایونٹ میں تیسری سنچری داغ دی
- سدرن پنجاب کے ذیشان اشرف کی سنچری

**لاہور،25نومبر2019ء:**

این بی پی اسٹیڈیم کراچی میں خیبرپختونخوا نے سنٹرل پنجاب کے خلاف پہلی اننگز میں 8وکٹوں کے نقصان پر 227 رنز بنالیے ہیں۔ ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کرنے والی خیبرپختونخوا کی ٹیم کے اوپنرز نے ٹیم کو 97 رنز کا مضبوط آغاز فراہم کیا۔
صاحبزادہ فرحان نے 96 اور اسرار اللہ نے 51 رنزبنائے۔دونوں اوپنرز کے آؤٹ ہوتے ہی خیبرپختونخوا کا مڈل آرڈر مکمل طور پر ناکام ہوگیا اور یکے بعد دیگرے کھلاڑی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹتے رہے۔ سنٹرل پنجاب کے اسپنرز ظفر گوہر اور بلال کی آصف نےنپی تلی باؤلنگ کےمظاہرہ کرتے ہوئے 7کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ خیبرپختونخوا کے آخری 7کھلاڑی ٹیم کے مجموعے میں محض 72 رنز کا اضافہ ہی کرسکے۔ دن کے اختتام پر ظفر گوہر 4 اور بلال آصف 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرچکے ہیں۔خیبرپختونخوا کی جانب سے محمد محسن اور خالد عثمان کھیل کے دوسرے روز کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

دوسری جانب یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں بلوچستان نے ناردرن کے خلاف پہلی اننگز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 271رنز بنالیے ہیں۔ ناردرن کے کپتان نعمان علی نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ بلوچستان کی جانب سے عمران بٹ اور عظیم گھمن کے درمیان اوپننگ جوڑی کی شراکت 58 رنز پر اختتام پذیر ہوگئی۔عظیم گھمن 17 رنز بناکر آؤٹ ہوئے تاہم دوسرے اینڈ سے اوپنر عمران بٹ کی مزاحمت جاری رہی۔ پیر کے روزبلو چستان کےاوپنرعمران بٹ نےایونٹ میں تیسری سنچری اسکور کی۔ وہ 124رنز بناکر نعمان علی کا شکار بنے۔ دن کے اختتام پر عمرگل 29 اور محمد اصغر

بغیر کوئی رنز بنائے کریز پر موجود تھے۔ناردرن کی جانب سے نعمان علی اور صدف حسین3،3 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔

ادھرنیشنل اسٹیڈیم کراچی میں سدرن پنجاب نے سندھ کے خلاف 5وکٹوں کے نقصان پر 344رنزبنالیے ہیں۔ 49رنز پر ابتدائی دو وکٹیں کھونے کے بعد ذیشان اشرف اور عبدالراحمٰن مزمل نے بلوچستان کے لیے 117رنز جوڑے۔ عبدالرحمٰن مزمل 49 رنز بناکر آؤٹ ہوئے تو ذیشان اشرف نے صہیب مقصود کے ہمراہ اسکورکارڈ کو چلانے کا سلسلہ جاری رکھا۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 115 رنز کی شراکت نے میچ میں سدرن پنجاب کی پوزیشن مستحکم کردی ۔ ذیشان اشرف 133 اور صہیب مقصود 81 رنزبناکر آؤٹ ہوئے۔ عدنان اکمل 36 اورسلمان علی آغا 6کے انفرادی اسکور سے کھیل کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk